## سوال

(21) علامات قیامت کی ترتیب

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا قیامت کی علامات ترتیب سے ظاہر ہوں گے، اور کیا حیوانات کو ان علامات کا شعور ہوتا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قیامت کبریٰ کی علامات میں سے کچھ کے متعلق معلوم ہے کہ وہ ترتیب سے ہوں گی اور کچھ ایسی ہیں کہ ان کی ترتیب کا ہمیں علم نہیں ہے۔ مثلا: سیدنا عیسیٰ بن مریم علیہ السلام، خروج یاجوج ماجوج اور دجال۔ ان میں ترتیب یوں ہے کہ پہلے دجال ظاہر ہوگا، پھر عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے اور اسے قتل کریں گے، پھر ان کے بعد یاجوج ماجوج نکلیں گے۔ امام سفارینی رحمہ اللہ نے اپنی تالیف ''العقیدہ'' میں انہیں ایک ترتیب سے تحریر فرمایا ہے مگر بعض امور ایسے ہیں کہ ان کی ترتیب پر دل مطمئن نہیں ہوتا۔ اور ویسے ترتیب کے متعلق زیادہ فکر بھی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہمیں قیامت اور اس کی علامات کی فکر ہونی چاہیئے کہ ان کے ظہور پر قیامت بہت قریب ہوگی اور اللہ نے قیامت کی علامات مقرر کر رکھی ہیں کیونکہ یہ ایک بہت بڑا حادثہ ہوگا تو اس کے وقوع سے پہلے لوگوں کو متنبہ کرنے کےلیے ان علامات کی ضرورت بھی ہے۔

حیوانات کے متعلق ہم کچھ بھی نہیں کہہ سکتے کہ آیا انہیں ان کا شعور ہے یا نہیں تاہم یہ ضرور ہے کہ قیامت کے دن یہ حیوانات بھی زندہ کیے جائیں گے۔ انہیں میدان محشر میں لایا جائے گا اور ان کا آپس میں ظلم و زیادتی کی صورت میں قصاص ہوگا جیسے کہ احادیث میں آیا ہے کہ ''سینگوں والی بکری سے، بے سینگوں والی کا قصاص لیا جائے گا۔'' (صحیح مسلم، کتاب البر والصلة، باب تحریم الظلم، حدیث 2582)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا**

**صفحہ نمبر 53**